ایف ایف سی ماڈل سکول گوٹھ ماچھی

ورک شیٹ اسلامیات زبانی　　سالانہ امتحان　　جماعت اول

سورتیں: سورۃ الفاتحہ، سورۃ العصر کلمے: پہلا اور دوسرا کلمہ　دعائیں: ۱۔ کھانا کھانے کی دعا　۲۔ باتھ روم جانے کی دعا

۳۔ باتھ روم سے باہر آنے کی دعا　۴۔ علم میں اضافے کی دعا

سوال۔ ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟

جواب۔ ہم سب کو اللہ نے پیدا کیا۔

سوال۔ اللہ کب سے ہے؟

جواب۔ اللہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔

سوال تعوذ پڑھ کر ہم کس کے شر سے محفوظ ہوتے ہیں؟

جواب۔ تعوذ پڑھ کر ہم شیطان کے شر سے محفوظ ہوتے ہیں۔

سوال: پانی پینے کی کتنی سنتیں ہیں؟

جواب: پانی پینے کی چھ سنتیں ہیں۔

سوال: پانی کس ہاتھ سے پینا چاہیے؟

جواب: پانی دائیں ہاتھ سے پینا چاہیے۔

سوال: پانی کیسے پینا چاہیے؟

جواب: پانی بیٹھ کر پینا چاہیے۔

سوال: پانی کتنے وقفوں میں پینا چاہیے؟

جواب: پانی تین وقفوں میں پینا چاہے۔

سوال: جب کسی سے ملیں تو کیا کہنا چاہیے؟

جواب: اسلام علیکم کہنا چاہیے۔

سوال: اسلام وعلیکم ااور وعلیکم اسلام کیا ہے؟

جواب: اسلام علیکم اور وعلیکم اسلام ایک دعا ہے۔

سوال: اسلام علیکم کا کیا مطلب ہے؟

جواب: اسلام علیکم کا مطلب ہے آپ پر سلامتی ہو۔

سوال: وعلیکم اسلام کا کیا مطلب ہے؟

جواب: وعلیکم اسلام کا مطلب ہے آپ پر بھی سلامتی ہو۔

CamScanner

سوال: پاک صاف رہنے کے بارے میں آپ ﷺ کا کیا ارشاد ہے؟

جواب: آپ ﷺ کا ارشاد ہے پاک ہونا آدھا ایمان ہے۔

سوال: صاف ستھرا رہنے کا کیا فائدہ ہے؟

جواب: صاف ستھرا رہنے سے بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔

سوال: آپ ﷺ نے آدھا ایمان کس چیز کو قرار دیا ہے؟

جواب: آپ ﷺ نے پاک صاف ہونے کو آدھا ایمان قرار دیا

سوال: شکریہ ادا کرنے کے لئے کیا کہنا چاہیے؟

جواب: شکریہ ادا کرنے کے لیے جزاک اللہ کہنا چاہیے۔

سوال: جگہ جگہ تھوکنے سے کیا ہوتا ہے؟

جواب: جگہ جگہ تھوکنے سے گندگی اور بیماریاں پھیلتی ہیں۔

سوال: شکریہ ادا کرنے سے کیا چیز بڑھتی ہے؟

جواب: شکریہ ادا کرنے سے محبت بڑھتی ہے۔

سوال: مومنوں کا آپس میں کیا رشتہ ہے؟

جواب: مومنوں کا آپس میں بھائی بھائی کا رشتہ ہے۔

سوال: مسلمانوں پر کتنی نمازیں فرض ہیں؟

جواب: مسلمانوں پر پانچ نمازیں فرض ہیں۔

سوال: پانچ فرض نمازیوں کے نام بتائیں؟

جواب: فجر۔ظہر۔عصر۔مغرب۔عشا۔

سرال: مسجد میں با جماعت نماز پڑھنے سے کتنا ثواب ملتا ہے؟

جواب: مسجد میں باجماعت نماز پڑھنے کا ثواب ستائیس درجے سے زیادہ ہے۔

سوال: مسلمان سال میں کتنی عیدیں مناتے ہیں؟

جواب: مسلمان سال میں دو عیدیں مناتے ہیں۔

سوال: عیدالاضحیٰ کس مہینے میں منائی جاتی ہے؟

جواب: عیدالاضحی ذی الحج کے مہینے میں منائی جاتی ہے۔

سوال: عیدالفطر کس مہینے میں منائی جاتی ہے؟

CamScanner

جواب: عیدالفطر شوال کے مہینے میں منائی جاتی ہے۔

سوال۔ آپ ﷺ کس دن ایک راستے سے جاتے تو دوسرے راستے سے واپس آتے؟

جواب: عید کے دن ایک راستے سے جاتے اور دوسرے سے راستے سے واپس آتے تھے۔

سوال: کن دو پیغمبروں نے اللہ تعالی کے حکم پر خانہ کعبہ کی تعمیر کی؟

جواب: حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسمٰعیلؑ نے اللہ تعالی کے حکم پر خانہ کی تعمیر کی۔

سوال: مسلمان نماز پڑھنے کے لیے اپنے چہرے کس طرف کرتے ہیں؟

جواب: مسلمان نماز پڑھنے کے لیے اپنے چہرے خانہ کعبہ کی طرف کرتے ہیں۔

سوال: خانہ کعبہ کہاں واقع ہے؟

جواب: خانہ کعبہ سعودی عرب کے شہر مکہ مکرمہ میں ہے۔

سوال: بیت اللہ کا کیا مطلب ہے؟

جواب: بیت اللہ کا مطلب ہے اللہ تعالی کا گھر۔

سوال: ہمارے مذہب کا کیا نام ہے؟

جواب: ہمارے مذہب کا نام اسلام ہے۔

سوال: اسلام کس چیز کا سبق دیتا ہے؟

جواب: اسلام امن اور ترقی کا سبق دیتا ہے۔

سوال: ہمیں ایک دوسرے سے کے ساتھ کیسے پیش آنا چاہیے؟

جواب: ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ نرمی سے پیش آنا چاہیے۔

سوال: سچ کے بارے میں ہمیں اسلام کیا سبق دیتا ہے؟

جواب: ہمیں ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔

سوال: اللہ نے فرشتوں کو کس چیز سے پیدا کیا؟

جواب: فرشتوں کو نور سے پیدا کیا۔

سوال: نیک اور بُرے کام لکھنے والے فرشتوں کے نام کیا ہیں؟

جواب: کراما کاتبین

سوال: حضرت محمدؐ کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: آپؐ مکہ میں پیدا ہوئے۔

CamScanner

سوال: آپؐ کے والد اور والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: آپؐ کے والد حضرت عبداللہ اور والدہ حضرت آمنہ بی بی تھیں۔

CS CamScanner